Rampur State Gazette.

بحکم بندگانِ اعلیحضرت حضور پُر نور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر } مطبوعہ روز شنبہ بتاریخ ۲۵ شوال المکرم ۱۳۵۲ھ مطابق ۱۰ فروری ۱۹۳۴ء } جلد ۳۶

حصہ اوّل

خلاصہ احکام اجلاس ہمایون اعلیحضرت بندگان حضور پُر نور دام اقبالہم و ملکہم

(۱)	رخصت سید محمد حسین صاحب	۲	(۲)	منظوری استعفے ڈپٹی انسپکٹر جنرل بہادر پولیس ۔	۲

مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور

احکام ہمایون اعلیٰحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

(۲)

حکم :- واقع ۵ فروری سنہ ۱۹۳۳ء

قرینہ عرضداشت اے صاحب چیف منسٹر بہادر بابتہ عطائے
منظوری رخصت رعایتی پندرہ ۱۵ یوم مطلوبہ سید محمد حسین صاحب
عرف منجو صاحب معتمد صاحب شاہزادہ وارڈ و سوپرنٹنڈنٹ از تاریخ استفادہ
بغرض روانگی مرزاپور وغیرہ بضرورت شادی ہمشیرہ

حکم

بموجب رپورٹ - سید محمد حسین کی پندرہ ۱۵ یوم کی رعایتی رخصت
تاریخ استفادہ سے منظور کیجاتی ہے - کاغذات صاحب
چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہوں -

دستخط حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

بمنشائے حکم ہمایون سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ
جاری ہوں - ۵ فروری سنہ ۱۹۳۳ء

دستخط فار صاحب چیف منسٹر بہادر -

بمنشائے حکم ہمایوں سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ
جاری ہوں -
۱۰ فروری سنہ ۱۹۳۳ء

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

حکم :- واقع ۸ فروری سنہ ۱۹۳۳ء

قرینہ عرضداشت صاحب چیف منسٹر بہادر بابتہ عطائے منظوری استعفا
پیش کردہ صاحب ڈپٹی انسپکٹر جنرل بہادر پولیس

حکم

ڈپٹی انسپکٹر جنرل بہادر پولیس کا استعفا منظور ہے
جب تک اس عہدہ کا دوسرا انتظام ہو - صاحب
سپرنٹنڈنٹ پولیس، صاحب پولیٹیکل منسٹر بہادر
سے براہ راست حکم حاصل کریں - کاغذات برائے
اجرائے احکام صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس واپس ہوں

(دستخط بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم)